الصلوٰة والسلام علیك یارسول الله

نوٹ تاریخ اسلام

☆☆☆☆☆☆☆☆

مرتب

محمد سیف رضا علیمی سلطان پوری

کمپوزنگ

عبدالقادر افتخاری علیمی الہ آبادی

نوٹ تاریخ اسلام

س:۔مصنف کا نام کیا ہے ؟

جواب:۔مرتضیٰ احمد خان۔

س:۔کاوش کا نام کیا ہے؟

جواب:۔ابوحنظلہ محمد اجمل۔

س؛۔کتاب کا نام کیا ہے؟

ج:۔تاریخ اسلام اول۔

س:۔اس کتاب کو اولا کب شائع کرنے کا اہتمام کیا تھا؟

ج:۔مارچ ۲۰۰۵ء

س:۔اس کتاب کو شائع کرنے کا حکم کس نے دیا تھا؟

ج:۔حضرت علامہ مولانا عبدالحکیم شرف قادری۔

س:۔مصنف کا تخلص کیا ہے؟

ج:۔میکش۔

س:۔مصنف کے والد کا نام کیا ہے؟

ج:۔مرید احمد خان۔

س:۔مصنف کی تاریخ ولادت کیا ہے؟

ج:۔یکم محرم الحرام ۱۳۱۷ھ مطابق ۱۲ مئی ۱۸۹۹ء۔

س:۔جائے ولادت کہاں ہے؟

ج:۔گاؤں پروم بھدم ضلع جالندھر۔

س:۔معمولات زندگی کو رواں دواں رکھنے کے لئے کتنے اخبار میں کام کیا؟

ج:۔۱۰۔

س:۔مصنف کا وصال کب ہوا؟

ج:۔۲۷ جولائی ۱۹۵۹ءبروز جمعہ۔

س:۔حضور پر پہلی وحی کس عمر میں نازل ہوئی ؟

۴۰ برس ۶۱۰ءـ

س:۔طائف مکہ سے کتنے فاصلے پر ہے؟

ج:۔پچھتر میل کے فاصلے پر۔

س:۔مکہ پر کس نے چڑھائی کی؟

ج:۔ابرہہ الاشرم۔

س:۔ابرہہ الاشرم نے مکہ پر کب چڑھائی کی؟

ج:۔۵۷۱ء میں۔

س:۔ابرہہ کا لشکر کس بیماری کا شکار ہوا تھا؟

ج:۔چیچک۔

س:۔ابرہہ جس سال مکہ پر حملہ کیا تھا اس سال کو کیا کہا جاتا ہے؟

ج:۔عام الفیل۔

س:۔یمن پر کس نے چڑھائی کی؟

ج:۔خسرو نوشیرواں۔

س:۔یمن پر کب چڑھائی کی

ج:۔۵۸۰ءـ

س:۔عرب کے لوگ پہلے کس کو پوجتے تھے؟

ج:۔پتھر کے ٹکڑوں کو۔

س:۔ہامہ کسے کہتے ہیں؟

ج:۔ایک غیر مرئی پرند کو۔

س:۔حضور کس قبیلے کے فرد تھے؟

ج:۔قریش مکہ کے خاندان بنوھاشم۔

س:۔خانہ کعبہ کی حجابت ظہوراسلام سے پہلے کس کے سپرد تھی؟

ج:۔عثمان بن طلحہ۔

س:۔افادت کا کام کس کے سپرد تھا؟

ج:۔نوفل کے خاندان۔

س:۔حضور پاک ﷺ کے پردادا کون تھے؟

ج:۔ہاشم۔

س:۔ہاشم کے بیٹے کا نام کیا تھا؟

ج:۔عبدالمطلب۔

س:۔عبدالمطلب کا اصلی نام کیا تھا؟

ج:۔شیبہ۔

س:۔رسول پاک ﷺ کے والد کا نام کیا تھا؟

ج:۔عبداللہ۔

س:۔عبداللہ کس کے بیٹے تھے؟

ج:۔عبدالمطلب۔

س:۔عبدالمطلب کے کتنے بیٹے تھے؟

ج:۔دس۔

س:۔مکہ کے زیادہ تر لوگ کس کے نسل سے تھے؟

ج:۔حضرت اسمعیل علیہ السلام۔

س:۔حضرت اسمعیل علیہ السلام کی جگہ کس چیز کو قربان کیا گیا؟

ج:۔دنبہ۔

س:۔عبداللہ کی شادی کس قبیلے سے ہوئی تھی؟

ج:۔قبیلۂ زہرہ۔

س:۔کس کی بیٹی سے عبداللہ کی شادی ہوئی تھی؟

ج:۔وہب بن عبد مناف کی بیٹی حضرت آمنہ سے۔

س:۔عبداللہ کے بڑے بھائی کا نام کیا تھا؟

ج:۔حارث۔

س:۔حضور کس دن پیدا ہوئے؟

ج:۔دوشنبہ۔

س:۔حضور کی ولادت کس عیسوی میں ہوئی؟

ج:۔۲۰ ؍اپریل ۵۷۱ءمیں۔

س:۔قمری مہینہ کونسا تھا؟

ج:۔ربیع الاول کی تاریخ ۹۔

س:۔حضور کا نام کس نے رکھا؟

ج:۔دادا عبدالمطلب نے۔

س:۔عبدالمطلب نے حضور کا کیا نام رکھا؟

ج:۔محمد ﷺ۔

س:۔محمد کا کیا معنی ہے؟

ج:۔خوبیوں والا۔

س:۔حضرت آمنہ کی وفات کے وقت حضور کی عمر کیا تھی؟

ج:۔چھ سال۔

س:۔حضور کی دادا کی ننہال کیا ہے؟

ج:۔خاندان بنونجار۔

س:۔حضرت آمنہ کی وفات کہاں ہوئی؟

ج:۔ابوا میں۔

س:۔عبدالمطلب کی وفات کے وقت حضور کی عمر کیا تھی؟

ج:۔آٹھ سال۔

س:۔بصریٰ کے مقام پر ابو طالب کی ملاقات کس سے ہوئی ؟

ج:۔بحیرا نام کے عیسائی سے۔

س:۔رسول پاک ﷺ سب سے پہلے کس جنگ میں شریک ہوئے ؟

ج:۔حرب فجار میں۔

س:۔اس جنگ میں قریش کا رئیس کون تھا ؟

ج:۔حرب بن امیہ۔

س:۔سب سے پہلے کس معاہدہ میں حضور شریک ہوئے ؟

ج:۔حلف الفضول میں۔

س:۔ام المؤمنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ حضور سے پہلے کتنا نکاح کی تھی؟

ج:۔دو۔

س:۔مکہ کے لوگ آپ کو کس لقب سے پکارتے تھے؟

ج:۔طاہرہ۔

س:۔حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ کا مہر کیا مقرر ہوا تھا؟

ج:۔پانچ سو طلائی درہم۔

س:۔نکاح کے وقت حضور کی عمر کیا تھی؟

ج:۔۲۵ سال۔

س:۔حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ کی عمر کیا تھی؟

ج:۔۴۰ سال۔

س:۔حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ کے پہلے کتنے لڑکے ہو چکے تھے؟

ج:۔ودبیٹے اور ایک بیٹی۔

س:۔ورقہ بن نوفل کس دین پر تھے؟

ج:۔دین مسیحی پر۔

س:۔ورقہ بن نوفل کس زبان پر ماہر تھے؟

ج:۔عبرانی۔

س:۔سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

ج:۔حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا۔

س:۔حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مکہ میں کس کام پر مامور تھے ؟

ج:۔خون کے دعوؤں کا فیصلہ کرنے پر۔

س:۔خانۂ کعبہ میں کتنے بت تھے؟

ج:۔۳۶۰۔

س:۔سب سے بڑا کون تھا؟

ج:۔ہبل۔

س:۔یہودی کس کو خدا کا بیٹا کہتے تھے؟

ج:۔حضرت عزیر علیہ السلام کو۔

س:۔یہودی کس کو خدا کا بیوی قرار دیتے تھے؟

ج:۔حضرت مریم۔

س:۔رسول پاک ﷺ پر کس نے اونٹ کی اوجھڑی ڈالی؟

ج:۔عقبہ بن معیط نے۔

س:۔قریش کا رئیس اعظم کون تھا؟

ج:۔ولید بن مغیرہ۔

س:۔بنوامیہ کا سردار کون تھا؟

ج:۔ابوسفیان۔

س:۔ابوجہل کس کا بھتیجا تھا؟

ج:۔ولید کا۔

س:۔ابوجہل کی کنیت کیا تھی؟

ج:۔ابوالحکم۔

س:۔حضرت سمیہ کا کس نے شہید کیا؟

ج:۔ابوجہل۔

س:۔مسلمانوں نے حبشہ کی طرف کس سن میں ہجرت کی؟

ج:۔ ۶۱۵ء۔

س:۔حبشہ کا بادشاہ کون تھا؟

ج:۔اصمحہ ۔

س:۔اصمحہ کس مذہب کا تھا؟

ج:۔عیسائی۔

س:۔عرب کے لوگ حبشہ کے بادشاہ کو کیا کہتے تھے؟

ج:۔نجاشی۔

س:۔حبشہ کا شاہی خاندان کس نسل سے تھا؟

ج:۔حضرت سلیمان علیہ السلام اور ملکۂ سبا۔

س:۔کتنے سالوں سے حبشہ پر حکمرانی کر رہا تھا؟

ج:۔آٹھ،نوسو سال۔

س:۔پہلے پہل کتنے مرد وعورت نے ہجرت کی؟

ج:۔آٹھ مرد اور چار عورت۔

س:۔نجاشی کے سامنے کس نے تقریر کی تھی؟

ج:۔حضرت جعفر رضی اللہ عنہ۔

س:۔حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے کون سی سورت سنائی تھی؟

ج:۔سورہ مریم۔

س:۔پہلی ہجرت کب پیش آئی؟

ج:۔بعث کے پانچویں سال۔

س:۔حضرت حمزہ کس سال ایمان لائے؟

ج:۔بعث کے چھٹے سال۔

س:۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی کنیز کا نام کیا تھا؟

ج:۔لبینہ۔

س:۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب قتل کے ارادے سے نکلے تو آپ کے راستے میں کس سے ملاقات ہوئی؟

ج:۔نعیم بن عبداللہ۔

س:۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بہن نے آپ کے سامنے کون سی سورت کی تلاوت کی تھی؟

ج:۔سورہ حدید۔

س:۔ابوجہل کا اصلی نام کیا تھا؟

ج:۔عمرو بن ہشام۔

س:۔بنو ہاشم کا مقاطعہ کس عیسوی میں ہوا؟

ج:۔ ۶۱۶ء سے ۶۱۹ء تک۔

س:۔بنو ہاشم نے کس پہاڑی میں پناہ لی تھی؟

ج:۔شعب ابی طالب میں۔

س:۔یہ مقاطعہ کتنے سال تک رہا؟

ج:۔۳ سال تک۔

س:۔بنو ہاشم کا مقاطعہ بعثت کے کس سال پیش آیا؟

ج:۔دسویں سال۔

س:۔معراج کا واقعہ کس سال پیش آیا؟

ج:۔بعثت کے دسویں سال۔

س:۔طائف مکہ سے کتنی دور پر ہے؟

ج:۔پچھتر میل۔

س:۔طائف میں حضور سب سے پہلے کس کے پاس گئے؟

ج:۔خاندان عمیر۔

س:۔طائف میں حضور نے کس باغ میں پناہ لی؟

ج:۔انگور کے باغ میں۔

س:۔وہ انگور کا باغ کس کا تھا؟

ج:۔عتبہ بن ربیعہ کا۔

س:۔طائف کے بعد حضور کہاں گئے؟

ج:۔نخلہ۔

س:۔خلہ کے بعد حضور کہاں گئے؟

ج:۔حراء۔

س:۔حبشہ کی طرف ہجرت کرتے وقت حضرت ابوبکر کی کس سے ملاقات ہوئی؟

ج:۔قبیلۂ قارہ کے رئیس ابن دغنہ سے۔

س:۔ابن دغنہ سے حضرت ابوبکر کی ملاقات کس جگہ پر ہوئی؟

ج:۔برک الغماد (جویمن کی طرف جانے والے شاہرہ پر واقع ہے۔

س:۔حضرت ابوبکر کو کس نے پناہ دی؟

ج:۔ابن دغنہ۔

س:۔مکہ سے مدینہ کتنی دور پر ہے؟

ج:۔تین سو میل۔

س:۔حج کے موقع پر کتنے لوگ ایمان لائے تھے؟

ج:۔چھ یا آٹھ۔

س:۔اگلے سال حج کے موقع پر کتنے لوگ ایمان لائے تھے؟

ج:۔بارہ۔

س:۔حضور نے بطور معلم کس کو مدینہ والوں کے ساتھ بھیجا تھا؟

ج:۔مصعب بن عمیر کو۔

س:۔قبیلۂ اوس کا رئیس کون تھا؟

ج:۔حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ۔

س:۔مدینہ میں کتنے بڑے قبیلے آباد تھے؟

ج:۔دو۔

س:۔وہ قبیلے کون کون تھے؟

ج:۔اوس اور خزرج۔

س:۔دونوں قبیلے کہاں سے آ کر آباد ہوئے تھے؟

ج:۔سیل عمر۔

س:۔تیسرے سال کتنے اشخاص مسلمان ہوئے؟

ج:۔بہتر۔

س:۔حضور نے مدینہ میں کتنے لوگوں کو نقیب مقرر کیا؟

ج:۔۱۲۔

س:۔حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کتنے ماہ سے ہجرت کی تیاری کر رہے تھے؟

ج:۔۴ ماہ سے۔

س:۔قریش نے کس جگہ حضور کو قتل کرنے کی شازش کی تھی؟

ج:۔دارالندوہ۔

س:۔ہجرت کی رات حضور نے کس کو اپنی جگہ لٹایا تھا؟

ج:۔حضرت علی رضی اللہ عنہ۔

س:۔حضور مکہ سے نکل کر سب سے پہلے کس پہاڑی پر گئے؟

ج:۔جبل ثور۔

س:۔جبل ثور مکہ سے کتنی دور پر واقع ہے؟ل

ج:۔تین میل کے فاصلے پر۔

س:۔حضور اور صدیق اکبر کے پاس غار میں کون آتا تھا؟

ج:۔عبداللہ بن ابوبکر۔

س:۔حضرت عبداللہ کی بہن کا کیا نام ہے؟

ج:۔اسما رضی اللہ عنہا۔

س:۔حضور کو گرفتار کرنے پر کتنے اونٹ انعام رکھا گیا تھا؟

ج:۔ایک سو اونٹ۔

س:۔جبل ثور سے کتنے دن بعد مدینہ کی جانب روانہ ہوئے؟

ج:۔تین دن۔

س:۔حضور نے رہنمائی کے لیے کس کو ساتھ رکھا تھا؟

ج:۔عبداللہ بن اریقط۔

س: سراقہ بن مالک کو امن کس نے لکھا تھا؟

ج:۔حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے غلام عامر بن فہیرہ نے؟

س:۔حضور پاک ﷺ نے مکہ سے مدینہ کے سفر پر کتنے مقامات پر نزول اجلال فرمایا تھا؟

ج:۔سولہ۔

س:۔قبا مدینہ سے کتنی دور پر واقع ہے؟

ج:۔تین میل کے فاصلے پر۔

س:۔قبا میں حضور نے کس جگہ قیام کیا؟

ج:۔کلثوم بن الہدم کے گھر۔

س:۔قبا میں حضور نے کتنے دن قیام فرمایا تھا؟

ج:۔چودہ روز۔

س:۔قبا سے مدینہ کی طرف کس دن حضور روانہ ہوئے؟

ج:۔جمعہ۔

س:۔راستے میں کس جگہ نماز جمعہ ادا کی؟

ج:۔نبی سالم کے محلے میں۔

س:۔حضور کا ننہال کیا تھا؟

ج:۔بنونجار۔

س:۔حضور نے مدینہ میں کس کے گھر قیام فرمایا تھا؟

ج:۔ابوایوب انصاری۔

س:۔ابوانصاری کس خاندان سے تھے؟

ج:۔بنونجار۔

س:۔مدینہ کا حضور کے آمد سے پہلے کیا نام تھا؟

ج:۔یثرب۔

س:۔مدینہ میں حضور نے سب سے پہلے کون سا کام کیا؟

ج:۔مسجد کی بنیاد رکھی۔

س:۔امہات المؤمنین کے حجرے کی لمبائی اور چوڑائی کیا تھی؟

ج:۔لمبائی دس ہاتھ چوڑائی چھ ہاتھ۔

س:۔شروع میں کتنے مہاجرین مدینہ مین آئے تھے؟

ج:۔۴۵۔

س:۔کس انصاری صحابی نے اپنی بیوی کو طلاق دے کر اپنے مہاجر بھائی کو دینے کی پیش کش کی تھی؟

ج:۔سعد بن ربیع۔

س:۔سعد بن ربیع کے مہاجر بھائی کا نام کیا ہے؟

ج:۔حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ۔

س:۔مہاجرین وانصار میں سب سے بڑا تاجر کون تھا؟

ج:۔حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ۔

س:۔حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کس چیز کی تجارت کی تھی؟

ج:۔کپڑے کی۔

س:۔حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کس جگہ پر کپڑے کی تجارت کی؟

ج:۔مقام سخ۔

س:۔حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے کس چیز کی تجارت کی تھی؟

ج:۔کھجور کی۔

س:۔یہودیوں کی کل بڑے خاندان کتنے تھے؟

ج:۔تین۔

س:۔اذان دینے کا طریقہ کس ہجری میں اختیار کیا گیا؟

ج:۔ ۱ھ میں۔

س:۔اذان دینے کی تجویز کس نے پیش کی تھی؟

ج:۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے۔

س:۔تحویل قبلہ کا حکم کس ہجری میں نازل ہوا تھا؟

ج:۔ ۳ھ میں۔

س:۔غزوۂ بدر کس ہجری میں واقع ہوا تھا؟

ج:۔۲ھ میں۔

س:۔قبیلۂ اوس کے سردار کون تھے؟

ج:۔حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ۔

س:۔ابوا مدینہ سے کتنی دور پر واقع ہے؟

ج:۔اسی میل۔

س:۔ابوا میں کون سا قبیلہ آباد تھا؟

ج:۔بنوضمرہ۔

س:۔مدینہ کی چراہ گاہ پر کس نے حملہ کیا تھا؟

ج:۔کرز بن جابر فہری۔

س:۔بنوضمرہ کا حلیف کون تھا؟

ج:۔بنومدلج۔

س:۔نخلہ میں ٹھر کر قریش کے حلات کا پتہ لگانے کو کسے کہا گیا تھا؟

ج:۔عبداللہ بن جحش۔

س:۔نخلہ میں کون مارا گیا؟

ج:۔عمر بن حضرمی۔

س:۔جہاد کی آیۃ کریمہ کس سن میں نازل ہوئی؟

ج:۔ماہ صفر ۲ھ میں۔

س:۔قریش کتنے افراد کی جمیعت لے کر مکہ سے نکلے تھے؟

ج:۔ایک ہزار۔

س:۔قریش کا لشکر کس مقام پر مسلمانوں کے بالمقابل ہوا؟

ج:۔بیر بدر۔

س:۔قبیلۂ خزرج کے سردار کون تھے؟

ج:۔حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ۔

س:۔مسلمانوں کے لشکر کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔تین سو تیرہ۔

س:۔مہاجرین کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔۶۰۔

س:۔مسلمانوں کے لشکر میں کتنے گھوڑے تھے؟

ج:۔دو۔

س:۔مسلمانوں کا لشکر کس رمضان کو بدر کی وادی میں پہنچا؟

ج:۔۱۷رمضان کو۔

س:۔حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بھائی کا کیا نام تھا؟

ج:۔عقیل۔

س:۔کفار کی جانب سے مبارز میدان میں سب سے پہلے کون نکلا تھا؟

ج:۔عامر حضرمی۔

س:۔مسلمانوں کی طرف سے سب سے پہلے کون نکلا تھا؟

ج:۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا غلام مہجع۔

س:۔ھل من مبارز کا نعرہ کون لگاتا ہوا نکلا تھا؟

ج:۔ابوکرش۔

س:۔قریش کے کتنے آدمی قتل کئے گئے تھے؟

ج:۔۷۰۔

س:۔قریش کے کتنے آدمی گرفتار کئے گئے تھے؟

ج:۔۷۰۔

س:۔مسلمانوں کی طرف کتنے آدمی شہید کئے گئے؟

ج:۔۱۴۔

س:۔کتنے انصار اور کتنے مہاجر شہید ہوئے تھے؟

ج:۔۶ انصار،اور ۸ مہاجر۔

س:۔قیدیوں کو قتل کرنے کی رائے کس نے دی تھی؟

ج:۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ۔

س:۔فدیہ اصول کرنے کی رائے کس نے دی تھی؟

ج:۔حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ۔

س:۔بنوقینقاع کا کتنے دن تک محاصرہ کیا گیا تھا؟

ج:۔۱۵۔

س:۔غزوۂ سویق کس ہجری میں واقع ہوا تھا؟

ج:۔ ۲ھ میں۔

س:۔ابوسفیان کس قبیلے کا رئیس تھا؟

جا:۔بنوامیہ۔

س:۔بنونضیر کا رئیس کون تھا؟

ج:۔سلام بن مشکمَ

س:۔غزوۂ سویق میں ابوسفیان نے کس کو قتل کیا؟

ج:۔سعد بن عمرو رضی اللہ عنہ۔

س:۔غزوۂ احد کس ہجری میں واقع ہوا؟

ج:۔۳ھ میں۔

س:۔قریش کی تیاریوں کو حضور سے کس نے بتایا تھا؟

ج:۔حضرت عباس رضی اللہ عنہ۔

س:۔احد میں قریش کے لشکر کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔تین ہزار۔

س:۔جنگ احد میں اسلام کی فوج کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔۷۰۰۔

س:۔حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کو کس نے شہید کیا تھا؟

ج:۔ابن قمیہ نے۔

س:۔حضور کو کس نے زندہ وسلامت دیکھا تھا؟

ج:۔حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے۔

س:۔حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کی بیوی کا کیا نام ہے؟

ج:۔ہندہ۔

س:۔ہندہ کے باپ کو کس نے مارا تھا؟

ج:۔سید الشہدا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے۔

س:۔کس عورت نے جنگ احد میں حصہ لیا تھا؟

ج:۔حضرت ام عمارہ رضی اللہ عنہا نے۔

س:۔جنگ احد میں کتنے مسلمان شہید ہوئے تھے؟

ج:۔۷۰۔

س:۔حضرت ابوسفیان احد سے نکل کر کہاں پر اپنی فوج مرتب کئے تھے؟

ج:۔مقام روحا میں۔

س:۔قبیلۂ خزرج کا رئیس کون تھا؟

ج:۔معبد۔

س:۔قبیلۂ کلاب کا رئیس کون تھا؟

ج:۔ابو براء۔

س:۔بنونضیر کا اخراج مدینہ سے کب ہوا؟

ج:۔ربیع الاول ۴ھ میں۔

س:۔غزوۂ ذات الرقاع کس ہجری میں واقع ہوا؟

ج:۔محرم ۵ھ میں۔

س:۔غزوۂ دومۃ الجندل کس ہجری میں واقع ہوا؟

ج:۔ربیع الاول ۵ھ میں۔

س:۔غزوۂ مصطلق کب واقع ہوا؟

ج:۔شعبان ۵ھ میں۔

س:۔بنومصطلق کا رئیس کون تھا؟

ج:۔حارث ابن ابی ضرار۔

س:۔ام المؤمنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کس کی بیٹی ہیں؟

ج:۔حارث ابن ابی ضرار کی۔

س:۔غزوۂ احزاب کب واقع ہوا؟

ج:۔۴ھ میں۔

س:۔غطفان کا حلیف کون قبیلہ تھا؟

ج:۔بنواسد۔

س:۔سفیان ابن خالد کس نے قتل کیا تھا؟

ج:۔ابن انیس نے۔

س:۔قریش کا حلیف قبیلہ کون تھا؟

ج:۔بنوسلیم۔

س:۔یہود کا حلیف قبیلہ کون تھا؟

ج:۔بنوسعد۔

س:۔جنگ احزاب میں قریش کے لشکر کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔چوبیس ہزار۔

س:۔خندق کی تجویز کس نے پیش کی تھی؟

ج:۔حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے۔

س:۔عمرو بن عبدود کو کس نے مارا تھا؟

ج:۔حضرت علی رضی اللہ عنہ نے۔

س:۔صلوٰۃ الخوف کا حکم کس جنگ میں نازل ہوا تھا؟

ج:۔جنگ احزاب میں۔

س:۔صلح حدیبیہ کب واقع ہوا تھا؟

ج:۔٦ھ میں۔

س:۔اہل عرب کتنے مہینوں میں لڑائی موقوف رکھتے تھے؟

ج:۔چار مہینوں میں۔

س:۔کس مقام پر مسلمانوں نے قربانی کے جانور کے گلوں میں نعل لگایا؟

ج:۔ذوالحلیف کے مقام پر۔

س:۔حدیبیہ مکہ سے کتنے فاصلے پر واقع ہے؟

ج:۔ایک منزل۔

س:۔حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے قصاص میں جو بیعت مسلمانوں سے کی گئی تھی اسے کیا کہتے ہیں؟

ج:۔بیعت رضوان۔

س:۔صلح کی شرط لے کر کفار کی طرف سے کون آیا تھا؟

ج:۔سہیل بن عمرو۔

س:۔مسلمانوں کی طرف سے معاہدہ کس نے لکھا؟

ج:۔حضرت علی رضی اللہ عنہ۔

س:۔صلح حدیبیہ میں کتنی شرط ہوئی تھیں؟

ج:۔٦ شرط۔

س:۔قریش کا سفیر سہیل کا بیٹا کون تھا؟

ج:۔حضرت ابو جندل رضی اللہ عنہ۔

س:۔صلح طے ہو جانے کے بعد مسلمان کتنے دن تک حدیبیہ میں قیام کیا تھا؟

ج:۔تین۔

س:۔حدیبیہ سے روانہ ہوتے وقت کون سی آیت نازل ہوئی تھی؟

ج:۔سورہ فتح۔

س:۔حضرت عتبہ بن اسید کی کنیت کیا تھی؟

ج:۔ابوبصیر۔

س:۔حدیبیہ کے بعد حضور نے کتنے بادشاہوں کو اسلام کی دعوت پیش کی تھی؟

ج:۔٦۔

س:۔ایران کے حکمراں کس کے پیروکار تھے؟

ج:۔زرتشت کے۔

س:۔عیسائیت کے عقائد کس پر مبنی تھی؟

ج:۔تثلیث۔

س:۔عیسائیوں کے نیکی کا خدا کون تھا؟

ج:۔یزدان۔

س:۔عیسائیوں کے بدلی کا خدا کون تھا؟

ج:۔الہریمن۔

س:۔ایران کا شہنشاہ کون تھا؟

ج:۔خسرو پرویز۔

س:۔خسرو پرویز کو کس نے مارا تھا؟

ج:۔اس کا لڑکا شیر دیہ۔

س:۔نجاشی بادشاہ نے کس کے ہاتھ پر بیعت کی تھی؟

ج:۔حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ۔

س:۔مصر کا بادشاہ اس وقت کون تھا؟

ج:۔مقوقس۔

س:۔مصر کے بادشاہ نے حضور کو تحائف میں کیا بھیجا تھا؟

ج:۔دو لڑکیاں۔

س:۔دونوں لڑکیوں میں سے حضور نے کس سے عقد فرمایا تھا؟

ج:۔ماریہ قبطیہ۔

س:۔حضور دوسری لڑکی کس کو دی تھی؟

ج:۔حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو۔

س:۔شام کا بادشاہ کون تھا؟

ج:۔حارث غسانی۔

س:۔بنو نضیر کے یہودی مدینہ سے نکل کر آباد ہوئے؟

ج:۔خیبر۔

س:۔خیبر مدینہ سے کتنی دور پر واقع ہے؟

ج:۔دو سو میل۔

س:۔یہودیوں کا سردار کون تھا؟

ج:۔اسیر بن زرام۔

س:۔غزوۂ خیبر کب واقع ہوا تھا؟

ج:۔ ۷ھ میں۔

س:۔خیبر کے موقع پر حضور نے کس کو مدینہ کا حاکم بنایا تھا؟

ج:۔سباع بن عرفطہ۔

س:۔قلعہ قموص کا سردار کون تھا؟

ج:۔مرحب۔

س:۔حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کس کی بیٹی تھیں؟

ج:۔حی بن اخطب۔

س:۔حضور نے کس ہجری میں عمرہ ادا فرمایا؟

ج:۔ ۷ھ میں۔

س:۔غزوۂ موتہ کس ہجری میں واقعہ ہوا؟

ج:۔ ۸ھ میں۔

س:۔غزوۂ موتہ میں مسلمانوں کے لشکر کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔تین ہزار۔

س:۔فتح مکہ کس ہجری میں واقعہ ہوا؟

ج:۔ ۸ھ میں۔

س:۔مسلمانوں کی جنگ کی تیاری کی خبر قریش کو کس نے دی؟

ج:۔حاطب بن بلتعہ۔

س:۔فتح مکہ میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔دس ہزار۔

س:۔فتح مکہ میں کتنے مسلمان شہید ہوئے تھے؟

ج:۔دو۔

س:۔کعبہ میں کتنے بت رکھے ہوئے تھے؟

ج:۔۳۶۰۔

س:۔قریش کا رئیس اعظم کون تھا؟

ج:۔صفوان بن امیہ۔

س:۔شیما بنت حلیمہ سعدیہ حضور کی کیا لگتی تھی؟

ج:۔رضاعی بہن۔

س:۔ہوازن قبیلہ کا سردار کون تھا؟

ج:۔زبیر بن صہر۔

س:۔مسلمانوں نے ہوازن قبیلہ کے کتنے قیدی رہا کئے تھے؟

ج:۔چھ ہزار۔

س:۔غزوۂ تبوک کس ہجری میں واقع ہوا؟

ج:۔۹ھ میں۔

س:۔غزوۂ تبوک میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔تین ہزار۔

س:۔تبوک مدینہ سے کتنی دوری پر واقع ہے؟

ج:۔چودہ میل۔

س:۔ولایت (املہ) کے عیسائی سردار کون تھا؟

ج:۔یوحنا۔

س:۔مکہ کے مسلمان کا امیر کون تھا؟

ج:۔عتاب بن اسید رضی اللہ عنہ۔

س:۔قبیلۂ بنو طے کس کا پیرو تھا؟

ج:۔دین مسیحی۔

س:۔مباہلہ کا چیلنج کس سے ہوا تھا؟

ج:۔نجران کے عیسائیوں سے۔

س:۔حضور نے کس ہجری میں حج ادا فرمایا؟

ج:۔۱۰ھ میں۔

س:۔حج کے لئے حضور کب روانہ ہوئے؟

ج:۔شنبہ ۲ ذوالقعدہ۔

س:۔حضور نے احرام کہاں پر باندھا؟

ج:۔ذوالحلیفہ۔

س:۔حضور نے مکہ کی مسافت کو کتنے دن میں طے فرمائی؟

ج:۔نو دن میں۔

س:۔حضور کی رکاب میں کتنے لوگ حج کے لئے جمع ہوئے تھے؟

ج:۔ایک لاکھ۔

س:۔حضور نے کتنی ذوالحجہ کو خطبہ ارشاد فرمایا؟

ج:۔نو۔

س:۔کس مقام پر خطبہ ارشاد فرمایا؟

ج:۔عرفات کے مقام پر۔

س:۔کتنی ذوالحجہ تک مکہ میں حضور نے قیام فرمایا؟

ج:۔۱۳ذوالحجہ۔

س:۔حضور کی پھوپھی کا کیا نام ہے؟

ج:۔صفیہ۔

س:۔پیارے آقا کی وفات کس دن ہوئی؟

ج:۔دوشنبہ۔

س:۔آپ کی عمر مبارک کل کتنی ہے؟

ج:۔۶۳ برس۔

س:۔حضور کی قبر مبارکہ کو کس نے کھودی تھی؟

ج:۔حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے؟

س:۔حضور نے کتنے سال تک دین کی تبلیغ کی؟

ج:۔۲۳ سال۔

س:۔مال غنیمت کی خواہش لے کر لڑائی میں شامل ہونا کیسا ہے؟

ج:۔حرام ہے؟

س:۔مال غنیمت کا کون سا حصہ بیت المال میں جمع ہوتا تھا؟

ج:۔پانچواں۔

س:۔زکوۃ صاحب نصاب پر کتنی فرض ہوئی تھی؟

ج:۔ڈھائی فیصد۔

س:۔غیر مسلموں سے جزیہ کی مقدار کتنی ہوا کرتی تھی؟

ج:۔ایک درہم فی کس۔

س:۔جنگ بدر میں حضور نے کس صحابی کے رائے سے پڑاؤ کیا تھا؟

ج:۔حباب بن منذر رضی اللہ عنہ کے۔

س:۔کس غزوہ میں حضور نے قریشی نومسلموں کو زیادہ حصہ دیا تھا؟

ج:۔غزوۂ حنین۔

س:۔مکہ کی زندگی میں حضور کا ذریعۂ معاش کیا تھا؟

ج:۔تجارت۔

س:۔حضور نے بچپن کی بات کس قبیلے میں سیکھی تھی؟

ج:۔قبیلۂ بنوسعد۔

س:۔حضور کی ازواج مطہرات کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔۱۱ گیارہ۔

س:۔حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی بطن سے کتنے بچے تولد ہوئے؟

ج:۔چھ۔

س:۔حضرت سودہ کب وفات پائیں؟

ج:۔۲۲ھ میں۔

س:۔رسول پاک ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کب نکاح فرمایا؟

ج:۔۱۰ نبوی۔

س:۔نکاح کے وقت ان کی عمر کیا تھی؟

ج:۔٦ یا نو برس۔

س:۔حضور کی وفات کے بعد کتنے سال تک باحیات رہیں؟

ج:۔۴۸ سال۔

س:۔حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کب وفات پائیں؟

ج:۔۵۷ھ میں۔

س:۔حضرت حفصہ کب وفات پائیں؟

ج:۔۴۵ھ میں۔

س:۔حضرام سلمہ کب وفات پائیں؟

ج:۔۵۹ سے ٦۱ھ تک زمانہ میں۔

س:۔حضرت زینب کی وفات کب ہوئی؟

ج:۔۲۰ھ میں۔

س:۔حضرت ام حبیبہ کا اصلی نام کیا ہے؟

ج:۔املہ۔

س:۔حضرت ام حبیبہ کب وفات پائیں؟

ج:۔۴۴ھ میں۔

س:۔حضرت میمونہ کی وفات کب ہوئی؟

ج:۔۵۷ھ میں۔

س:۔حضرت صفیہ کی وفات کب ہوئی؟

ج:۔۵۰ھ میں۔

س:۔ام الساکین کس کا لقب تھا؟

ج:۔حضرت زینب۔

س:۔رسول اکرم ﷺ کی اولاد کی تعداد کتنی ہے؟

ج:۔چھ۔

س:۔حضرت ابراہیم کی ولات کب ہوئی؟

ج:۔۸ھ میں۔

س:۔حضرت ابراہیم کس کے بطن سے پیدا ہوئے؟

ج:۔حضرت ماریہ قبطیہ۔

س:۔حضرت رقیہ کی پہلی شادی کس سے ہوئی؟

ج:۔ابولہب کے بیٹے عتبہ سے۔

س:۔حضرت فاطمہ کی ولادت کب ہوئی؟

ج:۔بعثت نبوت کے ساتویں سال۔

س:۔حضرت فاطمہ کی وفات کب ہوئی

ج:۔حضور کے وفات کے چھ ماہ بعد۔

س:۔رسول پاک ﷺ کی زندگی میں حضرت ابوبکر صدیق نے کتنی نمازوں کی امامت فرمائی؟

ج:۔۷۰۔

س:۔حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیعت کس نے نہیں کی تھی؟

ج:۔سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ۔

س:۔حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کس لقب سے پکارا گیا؟

ج:۔خلیفۃ الرسول کے لقب سے

س:۔یمامہ کا سردار کون تھا؟

ج:۔ہوذہ بن علی۔

س:۔جھوٹے مدعی نبوت طلیحہ کا قبیلہ کون سا تھا؟

ج:۔اسد۔

س:۔طلیحہ کی سرکوبی کے لیے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے کس کو بھیجا تھا؟

ج:۔حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو۔

س:۔بنوغطفان قبیلہ کا سردار کون تھا؟

ج:۔عیینہ۔
س:۔سجاح کس قبیلہ میں پل کر جوان ہوئی تھی؟
ج:۔بنو تغلب۔
س:۔کس قبیلہ نے مسلمانوں سے مناظرہ کیا تھا؟
ج:۔بنو تمیم۔
س:۔بنو بر بوعہ کا سردار و کون تھا؟
ج:۔مالک بن نویرہ۔
س:۔بنو حنفیہ کا لیڈر کون تھا؟
ج:۔مسیلمہ کذاب۔
س:۔یمامہ کسے کہا جاتا ہے؟
ج:۔بنو تمیم کے خطے کے جنوب کا علاقہ۔
س:۔یمامہ میں کون سا قبیلہ آباد تھا؟
ج:۔بکر بن وائل۔
س:۔مسیلمہ کی لشکر کی تعداد کتنی تھی؟
ج:۔چالیس ہزار۔
س:۔کس جنگ میں مسلمانوں نے (یا محمدہ) کا نعرہ لگایا تھا؟
ج:۔جنگ یمامہ میں۔
س:۔بنو حنفیہ کا سردار کون تھا؟
ج:۔محکم۔
س:۔مسیلمہ کذاب کو کس نے مارا؟
ج:۔حضرت وحشی رضی اللہ عنہ نے۔
س:۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بھائی کا نام کیا ہے؟
ج:۔زید۔
س:۔عمان کا سردار کون تھا؟
ج:۔جعفر۔
س:۔عمرو بن معدی کرب کی مشہور تلوار کا نام کیا ہے؟
ج:۔صمصاۃ۔
س:۔حضرموت اور یمن کی مہمیں کب سر ہوئی تھی؟
ج:۔ ۱۲ھ میں۔
س:۔قیصر روم کے نام دعوت نامہ حضور نے کب بھیجا؟
ج:۔ ٦ھ میں۔
س:۔صدیق اکبر نے شام کی سرحد کی طرف لشکر کب روانہ کیا؟
ج:۔ ۱۲ھ میں۔
س:۔روم کی سلطنت کا پایہ تخت کیا تھا؟
ج:۔قسطنطنیہ۔

س:۔روم کے حکمران کس خاندان کے تھے؟

ج:۔بازنطینی۔

س:۔ایران کے بادشاہ کو کیا کہا جاتا تھا؟

ج:۔کسریٰ۔

س:۔ایرانیوں کا مرکزی نقطہ کیا تھا؟

ج:۔آتش پرستی۔

س:۔ایران کے شہنشاہ کس خاندان سے تھے؟

ج:۔ساسانی۔

س:۔ساسانی خاندان نے ایرانیوں پر کس سال تک حکومت کیا؟

ج:۔چارسو سال۔

س:۔مزہبی عقائد کے لحاظ سے رومی سلطنت کے عیسائی کس چیز کے قائل تھے؟

ج:۔تثلیث۔

س:۔خسرو ایران کے لڑکوں کو کس نے قتل کیا تھا؟

ج:۔میرویس۔

س:۔حضرت مثنیٰ رضی اللہ عنہ کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟

ج:۔بنو بکر بن وائل۔

س:۔ایران کا گورنر کون تھا؟

ج:۔ہرمز۔

س:۔ہرمز کو کس نے قتل کیا؟

ج:۔حضرت خالد بن ولید نے۔

س:۔مثنیٰ رضی اللہ عنہ کے بھائی کا نام کیا تھا؟

ج:۔معنیٰ۔

س:۔ہرمز کی کلاہ کی قیمت کتنی تھی؟

ج:۔ایک لاکھ درہم۔

س:۔عراق کی فتح پر حضرت خالد نے کتنی رکعت نماز ادا کی تھی؟

ج:۔آٹھ۔

س:۔ایران کا دارالسلطنت کیا تھا؟

ج:۔مدائن۔

س:۔انبار کا ایرانی گورنر کون تھا؟

ج:۔مہران۔

س:۔دومہ کے رئیس کا نام کیا تھا؟

ج:۔اکیدر۔

س:۔بنی غسان کا رئیس کون تھا؟

ج:۔جبلہ۔

س:۔جنگ بابل کس ہجری میں واقع ہوئی؟

ج:۔ ۱۳ھ میں۔

س:۔شام پر لشکر کشی کس ہجری میں ہوئی؟

ج:۔۱۲ھ میں۔

س:۔ملک شام پر چڑھائی کا نقشہ کس نے تیار کیا تھا؟

ج:۔حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے۔

س:۔ہرقل نے مسلمانوں کے مقابلے کے لیے کہاں فوجیں مع کیں؟

ج:۔حمص۔

س:۔رومی فوجوں کا سپہ سالار کون تھا؟

ج:۔ہرقل کا بھائی "تھیوڈورک"۔

س:۔یرموک میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔دو لاکھ چالیس ہزار۔

س:۔حضرت ابوبکر کس وجہ سے بیمار ہوئے؟

ج:۔تپ کا شکار ہو کر۔

س:۔صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی تاریخ وفات کیا ہے؟

ج؛۔۲۲ راگست ۶۳۴ء مطابق ۲۱ جمادی الثانی ر ۱۳ھ۔

س:۔حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کب پیدا ہوئے تھے؟

ج؛۔عام الفیل کے دو سال بعد۔

س:۔حضرت ابوبکر کی عمر کتنی تھی؟

ج:۔۶۳۔

س:۔حضرت ابوبکر نے کتنے سال خلافت کی؟

ج:۔دو سال۔

س:۔تاریخ اسلام میں پہلے امیر المؤمنین کون ہیں؟

ج:۔حضرت عمر۔

س:۔خسرو پرویز کی بیٹی کا کیا نام تھا؟

ج:۔آذری دخت۔

س:۔رستم کہاں کا رہنے والا تھا؟

ج:۔خراسان۔

س:۔جنگ قادسیہ میں ایرانیوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج:۔تین لاکھ۔

س:۔جنگ قادسیہ کب واقع ہوئی؟

ج:۔شوال ۱۹ھ۔

س:۔جنگ قادسیہ میں کتنے ایرانی مارے گئے؟

ج:۔ایک لاکھ۔

س:۔رستم کے بدن کا لباس کتنے فروخت ہوا؟

ج:۔۷۰ ہزار۔

س:۔جنگ قادسیہ کی فتح کے بعد سعد بن وقاص وہاں کتنے دن رہے؟

ج:۔دو ماہ۔

س:۔بغداد سے مدائن کتنی دور ہے؟

ج:۔پندرہ میل۔

س:۔ایرانیوں سے حاصل ہونے والے مال غنیمت میں سب سے قیمتی شی کیا تھی؟

ج؛۔ایک قالین جس کو فرش بہار کہتے ہیں۔

س:۔کوفہ اور بصرہ کب آباد ہوا؟

ج:۔۱۷ھ

س؛۔دمشق پر کب چڑھائی ہوئی؟

ج:۔شوال ۱۳ھ۔

س:۔عیسائیوں کا ہر سال میلا کہاں لگتا تھا؟

ج:۔دیرابی القدس۔

س:۔حمص کی تسخیر کب ہوئی؟

ج:۔ذیقعدہ ۱۴ھ۔

س:۔حمص کا محاصرہ کتنے دن تک رہا؟

ج:۔تین ماہ۔

س:۔القدس کس کو کہتے ہیں؟

ج:۔یروشلم کو۔

س:۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے القدس کا سفر کب کیا؟

ج:۔۱۶ھ۔

س:۔معراج کی رات حضور ﷺ کس پتھر پر قدم مبارک رکھ کر سوار ہوئے تھے؟

ج:۔قبۃ الصخریٰ۔

س:۔یروشلم میں صلح کی کتنی شرطیں طے ہوئیں تھیں؟

ج:۔۱۱۔

س:حضرت خالد بن ولید کس کی خلافت میں وفات پائے؟

ج:۔حضرت عمر کی خلافت کے آٹھویں سال ۲۱ھ میں۔

س:۔قحط وطاعون کب رونما ہوا؟

ج:۔۱۸ھ۔

س:۔طاعون کی وبا میں کتنے مسلمان فوت ہوئے تھے؟

ج:۔پچاس ہزار۔

س:۔نہاوند کی جنگ کب ہوئی؟

ج:۔۲۱ھ۔

س:۔مصر پر چڑھائی کس وقت ہوئی؟

ج:۔۱۹ھ۔

س:۔مصر کا بادشاہ کون تھا؟

ج:۔مقوقس۔

س:۔نہر سویز کا نام عمرو ابن عاص نے کیا رکھا؟

ج:۔خلیج امیر المؤمنین۔

س:۔طرابلس اور برقہ پر کب چڑھائی ہوئی تھی؟

ج:۔۲۳ھ۔

س:۔حضرت صدیق اکبر نے کس کو قرآن جمع کرنے کا حکم دیا؟

ج:۔زید بن ثابت۔

س:۔قرآن پاک کا مکمل نسخہ کس کی تحویل میں رکھا گیا؟

ج:۔حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا۔

س:۔حضرت عمر کی شہادت کب ہوئی ؟

ج:۔۲۶ ذیقعدہ ۲۳ھ۔

س:۔حضرت عمر کو کس نے شہید کیا؟

ج:۔فروز (ابولولو)۔

س:۔فروز کس کا غلام تھا؟

ج:۔حضرت مغیرہ۔

س:۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کتنے سال کی عمر میں اسلام قبول کیا؟

ج:۔۲۸ سال۔

س:۔ہندوستان کا موجودہ وزیر اعظم کون ہے؟

ج:۔نریندر دامودر داس مودی۔

س:۔ہندوستان کا موجودہ وزیر دفاع کون ہے؟

ج:۔راج ناتھ سنگھ۔

س:۔ہندوستان کا موجودہ وزیر داخلہ کون ہے؟

ج:۔امت شاہ۔

س:۔ہندوستان کا موجودہ وزیر خارجہ کون ہے؟

ج:۔ایس جے شنکر۔

س:۔اتر پردیش کا وزیر اعلیٰ کون ہے؟

ج:۔یوگی آدیتیہ ناتھ۔

س:۔ہندوستان کا موجودہ وزیر خزانہ کون ہے؟

ج:۔نرملا سیتارمن۔

س:۔ہندوستان کا موجودہ وزیر تعلیم کون ہے؟

ج:۔دھرمندر پردھان۔

س:۔ہندوستان کا صدر جمہوریہ کون ہے؟

ج:۔دروپدی مرمو۔

س:۔دار العلوم علیمیہ کا بنیاد کب پڑا؟

ج:۔ ۱۹۵۳ء میں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تمت بالخیر

حسبنااللہ نعم الوکیل نعم المولیٰ و نعم النصیر

۲۵ ستمبر / ۲۰۲۳ء مطابق ۹ ربیع الاول ۱۴۴۵ھ

کمپوزنگ

رابطہ نمبر: 9648390540